# فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ

## نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ (''کمپنی'' یا ''FCSC'') کے شیئر ہولڈرز کا 32واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل مؤرخہ 28 اکتوبر 2025ء کو دن 11:45 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

### عمومی امور

1. 24 ستمبر 2025ء کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا؛
2. 30 جون 2025ء کو اختتام پذیر مالیاتی سال کے لئے کمپنی کی پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس ہمراہ چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور اپنانا؛ اور
3. 30 جون 2026ء کو اختتام پذیر مالیاتی سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔
4. کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)159 کی پیروی میں 28 اکتوبر 2025ء سے اگلے تین برس کی مدت کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے مقرر کردہ 07 (سات) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز مندرجہ ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | آمنہ تاثیر | (ii) | شہباز علی تاثیر |
| (iii) | شہریار علی تاثیر | (iv) | شہربانو تاثیر |
| (v) | عمر فخر عالم | (vi) | مصطفیٰ مجیب چوہدری |
| (vii) | نعیم اختر | | |

**واضح رہے کہ اجلاس عام میں تحائف تقسیم نہیں کئے جائیں گے۔ شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اجلاس عام میں پیشہ ورانہ عمل کے لئے SECP کی جاری کردہ ہدایات کے مطابق اجلاس کے آداب کا خیال رکھیں۔**

بحکم بورڈ

سجاد احمد

کمپنی سیکریٹری

لاہور:

07 اکتوبر 2025ء

### مندرجات:

1) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223 کے تحت اور S.R.O. نمبر 389(I)/2023 مؤرخہ 21 مارچ، 2023ء کی پیروی میں 30 جون 2025ء کو اختتام پذیر سال کے لئے سالانہ رپورٹ بمعہ کمپنی کی مالیاتی اسٹیٹمنٹس مندرجہ ذیل لنک اور QR پر مبنی کوڈ کو استعمال کرتے ہوئے دیکھی جاسکتی ہیں:

a) ویب لنک: http://pacepakistan.com/Pacepakistan/finance_fcsc.html

b) QR پر مبنی کوڈ

c) 30 جون 2025ءکو اختتام پذیر سال کے لئے سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.pacepakistan.com پر بھی دستیاب ہے۔

2) کمپنی کی شیئر ٹرانسفر Books مؤرخہ 21 اکتوبر 2025ء تا 28 اکتوبر 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار/ ٹرانسفر ایجنٹ کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور، رجسٹرار اور کمپنی کے شیئر ٹرانسفر آفس کو 20 اکتوبر 2025ء کو کاروبار بند ہونے تک باقاعدہ موصول ٹرانسفرز کو سالانہ اجلاس عام کے مقصد کے لئے بروقت وصولی شمار کیا جائے گا۔

شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن کسی دوسرے رکن کو اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔

CDC سے حصص کے مستفید ہونے والے انفرادی مالک کو اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے لازماً اپنا اصلی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شراکت آئی ڈی نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔ CDC سے کاروباری اراکین کا نمائندہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/ یا مختار نامہ بمعہ نامزد شخص کے نمونہ کے دستخط ہمراہ لائے گا۔

## ڈائریکٹرز کا انتخاب

ڈائریکٹرز کے عہدے کے انتخاب کا امیدوار رکن، چاہے وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر یا دیگر رکن ہو، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 1-B-96، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے منعقد ہونے والے اجلاس سے کم از کم 14 یوم قبل بطور ڈائریکٹرز انتخاب کے لئے اپنی پیشکش کا راضی نامہ جمع کرائے گا۔ لسٹنگز ضوابط کے تحت اعلامیہ، تفصیلی پروفائل، شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل اور NTN سٹیفکیٹ اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 167 کے تحت فارم 9- ضمیمہ پر بطور ڈائریکٹر فرائض کی انجام دہی کا اقرار نامہ بھی جمع کرایا جائے۔ نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر خود مختار ڈائریکٹر کا حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (خود مختار ڈائریکٹر کی اہلیت اور انتخاب) ضوابط، 2018 کے قاعدہ (1)04 کے تقاضوں پر پورا اترتا ہے بھی جمع کرایا جائے۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط، 2019ء کے قاعدہ 7A کے تحت مذکورہ بالا ضوابط میں درج نشستوں کی تعداد کے لئے علیحدہ کیٹگریز میں انتخاب کا انعقاد کیا جائے گا۔

کمپنی وصول ہر کیٹگری میں الیکشن لڑنے کے تمام نوٹس اسی انداز میں اجلاس کے انعقاد سے سات یوم قبل تمام اراکین کو ارسال کئے جائیں گے جس انداز میں ایکٹ کے تحت اجلاس کے نوٹس بھیجے جاتے ہیں اور یہ نوٹس ملک بھر میں شائع ہونے والے اردو اور انگریزی اخباروں میں بھی شائع کئے جائیں گے۔

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط، 2018ء کے تحت کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے اراکین کو بذریعہ پوسٹل بیلٹ اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی جس میں مذکورہ بالا ضوابط میں درج تقاضوں اور طریقہ ہائے کار کے تحت بذریعہ ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹنگ ہوگی۔

## سالانہ اجلاس عام (AGM) میں آن لائن شرکت

AGM میں آن لائن شرکت کے لئے 20 اکتوبر 2025ء تک کمپنی کتابوں میں ظاہر ہونے والے شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ 27 اکتوبر 2025ء کو 11:45 بجے دن تک sajjadahmad@pacepakistan.com؛ jawahar@pacepakistan.com پر مندرجہ ذیل معلومات فراہم کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ساتھ اپنا اندراج کرائیں:

| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا مکمل نام | کمپنی | شناختی کارڈ نمبر | فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر | ای میل آئی ڈی** | موبائل فون نمبر** |
|---|---|---|---|---|---|
| | فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ | | | | |

** شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنا فعال ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر فراہم کریں۔ SRO.452(I)2025 کے تقاضوں کے تحت اور

بذریعہ ای میل تمام ممبران کو نوٹس جاری کیا جائے گا۔

لاگ ان کی سہولت اجلاس کے انعقاد سے تیس منٹ پہلے کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء شناختی عمل کے بعد اجلاس میں شرکت کر سکیں۔شیئر ہولڈرز شناخت اور تصدیق کے تمام تر تقاضے پورے کرنے کے بعد اپنے آلات کے ذریعے لاگ ان کر کے AGM کی کارروائی میں شرکت کر سکیں گے۔

a) شیئر ہولڈرز sajjadahmad@pacepakistan.com؛ jawahar@pacepakistan.com یا واٹس ایپ نمبر 0303-4444800، 0302-8440935 پر 27 اکتوبر 2025ء کو دن 11:45 بجے تک AGM کے ایجنڈا آئٹمز اپنی آراء اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔اس مقصد کے لئے شیئر ہولڈرز کو اپنا مکمل نام، شناختی کارڈ نمبر اور فولیو نمبر ظاہر کرنا ہوگا۔

b) اپنی شرکت کو یقینی بنانے کے لئے شیئر ہولڈرز کو AGM میں بذریعہ پراکسی یا ذاتی حیثیت میں شرکت کی تلقین کی جاتی ہے۔

## ای-ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ

تمام اراکین کو 2025(I)SRO.451 مؤرخہ 13 مارچ، 2025ء کے تحت بذریعہ پول/ پوسٹل بیلٹ اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کا اختیار ہوگا۔اراکین کی سہولت کے لئے بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے جو کمپنی کی ویب سائٹ https://pacepakistan.com سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے بھی دستیاب ہے۔

## ای-ووٹنگ کا طریقہ کار

a) ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ بذریعہ ای میل شیئر کی جائیں گی جن کے کارآمد CNIC نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 20 اکتوبر 2025ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی اراکین کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

b) ویب ایڈریس، لاگ ان تفصیلات اور پاس ورڈ سے متعلق اراکین کو بذریعہ ای میل آگاہ کیا جائے گا۔اراکین کو سکیورٹی کوڈ کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ (بطور ای ووٹنگ خدمات فراہم کنندہ) کے ویب پورٹل سے SMS کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

c) ای-ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ ان توثیق کے ذریعے کی جائے گی۔

d) اراکین 24 اکتوبر 2025ء کو صبح 09:00 بجے سے 27 اکتوبر 2025ء کو شام 05:00 بجے تک کسی بھی وقت آن لائن ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ووٹنگ 27 اکتوبر 2025ء کو شام 05:00 بجے بند ہو جائے گی۔ایک رکن کی جانب سے قرارداد پر ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد وہ اس میں تبدیلی کے مجاز نہ ہوں گے۔

## بذریعہ پوسٹل بیلٹ پیپر ووٹنگ کا طریقہ کار

اراکین یقینی بنائیں گے کہ باقاعدہ پر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ شناختی کارڈ کی نقل اجلاس کے چیئرمین کو کمپنی کے پتہ فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 1-B-96، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو بذریعہ ڈاک یا بذریعہ ای میل sajjadahmad@pacepakistan.com کو پولنگ کے دن سے ایک یوم قبل کام کے اوقات کار میں پہنچ جانا چاہئے۔بیلٹ پیپر پر دستخط شناختی کارڈ پر موجود دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔

## نگران کی تقرری

میسرز ملک ہارون احمد اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس G-25، گلبرگ 2، لاہور کو پوسٹل بیلٹ ضوابط کے قاعدہ 11 کے تحت نگران مقرر کیا گیا ہے۔

## فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 کے تحت ایکٹ کی تاریخ اطلاق یعنی 30 مئی 2017ء سے عرصہ چار برس کے اندر کمیشن کی تاریخ اطلاع اور مذکورہ انداز میں ہر موجودہ کمپنی کے لئے اپنے فزیکل شیئرز بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا لازمی ہے۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو کسی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ سے CDC کے ساتھ براہ راست CDC ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کی تلقین کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز غیر کاغذی صورت میں رکھ سکیں۔

## پتہ میں تبدیلی

1. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے اراکین سے التماس ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی اطلاع فوراً ہمارے شیئر رجسٹرار، کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو دیں۔
2. CDC میں شیئرز ہونے کی صورت میں پتہ میں تبدیلی کا اطلاع نامہ بروکر/شریک/CDC انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کو براہِ راست جمع کرائیں۔

## شناختی کارڈ کی نقل جمع کرانا

1. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے اراکین جنہوں نے تا حال اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی نقل جمع نہیں کرائی ہے سے التماس ہے کہ وہ اپنے شناختی کارڈ کی نوٹرائزڈ نقل ہمارے شیئر رجسٹرار، کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو فوراً جمع کرائیں۔
2. CDC میں حصص رکھنے کی صورت میں CNIC کی تجدید کی درخواست بروکر/شریک/CDC انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کو براہِ راست جمع کرائی جائے۔

## پراکسی

1. پراکسی کا تقرری کا دستاویز اور مختارنامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہوں یا مختارنامہ کی مصدقہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، B-1-96، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل جمع کرانا لازمی ہے۔
2. پراکسیز کی تقرری کے لئے، شیئر ہولڈرز کو مندرجہ ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا:

a. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے فرد واحد کی صورت میں یا اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسا فرد جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ضوابط کے مطابق شائع کی گئی ہوں کو باقاعدہ طور پر پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

b. پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

c. مستفید ہونے والے مالکان اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نوٹرائزڈ نقول پراکسی فارم کے ساتھ لف کی جائیں۔

d. کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ بمعہ نمونہ کے دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جائے (اگر پہلے جمع نہ کرائی گئی ہو تو)۔

## کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت مادی حقائق کا اعلامیہ

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت خود مختار ڈائریکٹرز کو سیکشن 159 کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخابی عمل کے ذریعے منتخب کیا جائے گا۔ خود مختار ڈائریکٹرز مذکورہ ایکٹ کے سیکشن (2)166 میں درج معیار پر پورا اتریں گے۔

خود مختار ڈائریکٹرز کے امیدواروں کو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے لئے مندرجہ ذیل اضافی دستاویزات بھی جمع کرانی ہوں گی۔

(1) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط، 2019ء کے قاعدہ (3)6 کے تحت اعلامیہ

(2) نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر خود مختار ڈائریکٹر کا حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (خود مختار ڈائریکٹر کی اہلیت اور انتخاب) ضوابط، 2018 کے قاعدہ (1)04 کے تقاضوں پر پورا اترتا ہے

(3) بطور کمپنی شیئر ہولڈر مفاد کے علاوہ کسی ڈائریکٹر کا مذکورہ بالا امور میں بالواسطہ یا بلاواسطہ مفاد نہ ہے۔ اور یہ کہ وہ ڈائریکٹرشپ کے انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔

**کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 199 کے تحت پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ میں ایکویٹی انویسٹمنٹ کرنے کے لئے شیئر ہولڈرز کے فیصلہ کی موجودہ حالت**

| | نام کمپنی | پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ | پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ |
|---|---|---|---|
| (a) | منظور شدہ کل سرمایہ کاری | 460.00 ملین روپے | 1,500.00 ملین روپے |
| (b) | تاحال کی گئی سرمایہ کاری کی مالیت | صفر | |
| (c) | سرمایہ کاری کی منظور شدہ مدت سے انحراف کی وجوہات جہاں سرمایہ کاری کے فیصلے پر اطلاق مذکورہ وقت میں ہونا تھا | اطلاق نہیں ہوتا | |

(d) سرمایہ کاری کی منظوری کے لئے قرارداد کی تاریخ منظوری سے ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ کی مالیاتی اسٹیٹمنٹس میں مادی تبدیلی

(ملین روپوں میں)

| نام کمپنی | پیس سپر مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ | | پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ | |
|---|---|---|---|---|
| **اختتام پذیر مالیاتی سال** | **سال 2025ء** | **سال 2024ء** | **سال 2025ء** | **سال 2024ء** |
| سرمایہ حصص اور ذخائر | 160.606 | 160.606 | 8,391.93 | 6,227.014 |
| غیر حالیہ واجبات | صفر | صفر | 874.39 | 808.127 |
| حالیہ واجبات | 23.429 | 23.429 | 1,979.396 | 1,211.318 |
| غیر حالیہ اثاثہ جات | صفر | صفر | 8,412.993 | 5,495.684 |
| حالیہ اثاثہ جات | 184.035 | 184.035 | 2,832.73 | 2,488.285 |
| آپریٹنگ نفع/ (نقصان) | صفر | صفر | (342.837) | (737.325) |
| خالص خسارہ | صفر | صفر | (621.118) | (600.305) |

# پراکسی فارم

فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر: ____________

ملکیتی حصص: ____________

کمپنی سیکریٹری

فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ

فرسٹ کیپٹل ہاؤس

96-B/1، ایم ایم عالم روڈ،

گلبرگ-III، لاہور

میں/ہم..................ولد/ دختر/ زوجہ..................شناختی کارڈ نمبر..................

بطور رکن (اراکین) فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ مسمی/ مسماۃ..................ولد/ دختر/ زوجہ..................

شناختی کارڈ نمبر.................. یا اس/ ان کی عدم حاضری پر مسمی/ مسماۃ..................ولد/ دختر/ زوجہ..................

شناختی کارڈ نمبر..................کو مورخہ 28 اکتوبر 2025ء کو دن 11:45 بجے منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام یا

مابعد نشست میں اپنی جانب سے ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کرتا/کرتی/کرتے ہوں/ ہیں۔

مؤرخہ...............................2025ء کو میرے دستخط سے جاری ہوا۔

| |
|---|
| پچاس روپے کی<br>ریوینیوٹکٹ چسپاں کریں |

____________________

دستخط رکن

(دستخط کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں)

مندرجہ ذیل کی موجودگی میں دستخط کئے گئے:

| | |
|---|---|
| ____________________<br>**دستخط گواہ 1** | ____________________<br>**دستخط گواہ 2** |

**مندرجات:**

1) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا/کی اہل رکن اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کے لئے کسی دوسرے/ دوسری رکن کو اپنا/ اپنی پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ مؤثر کرنے کی غرض سے پراکسیز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جانی چاہئیں۔

2) کارآمد کرنے کی غرض سے پراکسی کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہو یا ایسے مختار نامہ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئے۔

a) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا اہل CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے شرکت کا آئی ڈی اور اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمعہ اصلی CNIC یا پاسپورٹ ہمراہ لائے گا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ جس پر nominees کے نمونہ کے دستخط موجود ہوں اجلاس کے انعقاد کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

b) پراکسیز کے تقرر کے لئے، CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک مذکور بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم بمعہ شرکت کا آئی ڈی، اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بشمول CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل جمع کرائے گا۔ دو افراد کی جانب سے ان کے نام، پتا اور CNIC نمبر کے ساتھ پراکسی فارم کی توثیق ہونی چاہئے۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں نمونہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو)۔